میں گرفتار ہوگیا ہے ـــــ ایک ایسی الجھن جس نے چند لحظوں کے لئے اس کے عام انسانی وقار کو ختم کرکے ہمارے احساس برتری کو تحریک دیدی ہے لیکن چونکہ ظاہر ہے کہ یہ شخص کسی سخت چوٹ یا شدید ذہنی صدمے سے محفوظ ہے اسلئے اگر اسکی ہیئت کذائی ہماری ہنسی کو بیدار کردیتی ہے تو یہ حالات کے عین مطابق ہے ـ اسکے برعکس اگر یہی شخص سائیکل سے گر پڑتا ہے اور اس کی ایک ٹانگ سخت مجروح ہوجاتی ہے تو ایک وحشی انسان تو شاید بے اختیار ہنس دے ایک مہذب انسان کے ہونٹوں پر خفیف سے تبسّم کا نمودار ہوجانا بھی بعید از قیاس ہے ـ

صورت واقعہ سے پیدا ہونے والا بہترین مزاح وہ ہے جو کسی شعوری کاوش کا رہین منت نہ ہو بلکہ از خود حالات و واقعات کی ایک مخصوص نہج یا کردار کی مخصوص غیر ہمواریوں سے پیدا ہوجائے ـ اس ضمن میں صورت واقعہ کی تعمیر میں ایک اچھا مزاح نگار غلطی غلط فہمی اور اتفاق وقت (COINCIDENCE) سے بھی کام لیتا ہے لیکن ساتھ ہی وہ یہ بھی کوشش کرتا ہے کہ عملی مذاق (PRACTICAL JOKES) سے بہت کم مدد طلب کرے ـ وجہ اس کی یہ ہے کہ عملی مذاق مزاح کی ایک کھردری صورت ہے اور چونکہ اس کی تعمیر میں بڑی حد تک شعوری کاوش کو دخل حاصل ہے لہذا اس سے پیدا ہونے والے مزاح میں بھی وہ گہرائی اور لطافت موجود نہیں ہوتی جو صورت واقعہ کے مزاح میں ہوتی ہے ـ

مزاح نگاری کا چوتھا حربہ مزاحیہ کردار (HUMONROUS CHARACTER)